**مقرر:** یہ ویڈیو پناہ کے دعووں سے متعلق سماعت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہے۔
مزید تفصیلات اور تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: irb.gc.ca

**موسیقی:** پس منظر میں دھیمی موسیقی چل رہی ہے۔

**مقرر:** جب آپ کا پناہ کے تحفظ کا دعویٰ سماعت کے لیے تیار ہو جاتا ہے، تو امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا کی ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن یا RPD آپ کو یا آپ کے وکیل کو ایک دستاویز بھیجے گی جسے Notice to Appear کہا جاتا ہے۔

یہ نوٹس آپ کی سماعت کی تاریخ، وقت، اور مقام کی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ کے پاس وکیل ہے تو وہ سماعت میں آپ کی نمائندگی کرے گا۔

**مقرر:** آپ کی رازداری ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سماعتوں میں جو باتیں کی جاتی ہیں وہ بہت ذاتی نوعیت کی ہوتی ہیں اور اکثر ان پر بات کرنا مشکل ہوتا ہے۔ چاہے آپ کی سماعت ورچوئل ہو یا بالمشافہ، وہ نجی ہوتی ہے۔

آپ کی سماعت ریکارڈ کی جاتی ہے، لیکن ریکارڈنگ کی کاپی صرف آپ، آپ کے وکیل، یا Minister's Counsel، جو کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی یا امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا سے ہوں، ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

اب ہم سماعت کے عمل کو تفصیل سے دیکھیں گے اور یہ واضح کریں گے کہ ورچوئل اور بالمشافہ سماعتوں میں کیا فرق ہوتا ہے۔

**مقرر:** ایک سماعت عام طور پر تین گھنٹے کے دورانیے کے لیے طے کی جاتی ہے۔ ممبر عام طور پر سماعت کے درمیان ایک مختصر وقفہ لیتا ہے۔ آپ بھی کسی بھی وقت وقفے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ فکر نہ کریں، اگر سماعت مقررہ وقت میں مکمل نہ ہو، تو ممبر ایک اور تاریخ اور وقت طے کرنے کی درخواست کرے گا تاکہ سماعت کو مکمل کیا جا سکے۔

جب سماعت شروع ہوتی ہے، تو ممبر ریکارڈنگ آن کرتا ہے اور کہتا ہے: "We are now on the record."

پھر ممبر اپنا اور دیگر شرکاء کا تعارف کراتا ہے۔

اگر مترجم موجود ہو، تو ممبر یہ تصدیق کرتا ہے کہ آپ اور مترجمایک دوسرے کو صحیح طور پر سمجھ سکتے ہیں۔

مترجم پیشہ ور ہوتے ہیں۔ وہ قسم کھاتے ہیں کہ وہ ہر بات کا درست ترجمہ کریں گے اور سماعت کی رازداری کا مکمل احترام کریں گے۔

**مقرر:** ورچوئل سماعت میں، ممبر آپ سے پوچھے گا کہ آپ کہاں سے کنیکٹ ہو رہے ہیں۔

آپ کے سامنے کسی چیز کا ہونا ضروری نہیں، لیکن اپنے شواہد پاس رکھیں تاکہ اگر ممبر کسی دستاویز کو دیکھنا چاہے تو آپ فوری دکھا سکیں۔

ممبر سماعت میں شریک تمام افراد سے یہ بھی پوچھے گا کہ آیا وہ اپنے کمروں میں اکیلے ہیں اور کوئی دوسرا شخص سماعت کو سن یا دیکھ نہیں سکتا۔

یہ عمل اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ کارروائی منصفانہ ہو اور آپ کی رازداری محفوظ رہے۔

**مقرر:** اگر آپ کوورچوئل سماعت کے دوراناڈیو یا ویڈیو میں کوئی مسئلہ ہو، تو فوراً ممبر کو آگاہ کریں۔

اگر آپ کی کنکشن منقطع ہو جائے تو دوبارہ کنیکٹ ہونے کی کوشش کریں۔

اگر کنکشن بحال نہ ہو، تو فوراً اپنے نوٹس Notice to Appear پر درج نمبر پر RPD رجسٹری سے رابطہ کریں۔

**مقرر:** سماعت کے دوران، ممبر ان تمام دستاویزات کا جائزہ لے گا جو ثبوت کے طور پر استعمال ہوں گی۔

آپ یا آپ کے وکیل کے پاس وہ تمام اصل دستاویزات ہونی چاہئیں جو آپ نے RPD کو بطور شواہد جمع کرائی تھیں۔

ممبر یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ ان دستاویزات کو جسمانی معائنہ کے لیے RPD کو بھیجا جائے۔

اگر ایسا ورچوئل سماعت کے دوران ہو تو ممبر وضاحت کرے گا کہ انہیں کہاں اور کیسے بھیجنا ہے۔

**مقرر:** دستاویزات کے جائزے کے بعد، ممبر آپ سے سچ بولنے کا وعدہ کرنے کو کہے گا۔

پھر وہ آپ سے تصدیق کرے گا کہ آپ کےBasis of Claim فارم میں موجود تمام معلومات مکمل، سچی، اور درست ہیں۔

آپ کی سماعت ریکارڈ کی جائے گی۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ آپ صاف اور بلند آواز میں بات کریں تاکہ آپ کے تمام جوابات واضح طور پر ریکارڈ ہوں۔

اس کے بعد ممبر وضاحت کرے گا کہ سماعت کیسے آگے بڑھے گی اور سوالات کا عمل کیسے ہوگا۔ اسی دوران وہ آپ کو بتائے گا کہ اگر کسی قانونی مسئلے پر مزید وضاحت درکار ہو تو وہ کون سے نکات ہیں۔

**مقرر:** اب ہم ان قانونی نکات پر نظر ڈالتے ہیں جو آپ کی سماعت کے دوران زیرِ بحث آ سکتے ہیں۔

شناخت ایک اہم قانونی مسئلہ ہو سکتا ہے۔

شناخت سے مراد یہ ہے کہ آپ یہ ثابت کریں کہ آپ کون ہیں اور آپ کس ملک کے شہری ہیں۔

اگر آپ کسی ملک کے شہری نہیں ہیں، تو آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ عام طور پر کہاں رہتے تھے۔ یہ عام طور پر پاسپورٹ یا حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناختی دستاویزات کے ذریعے ثابت کیا جاتا ہے۔

**مقرر:** ایک اور قانونی مسئلہ سچائی کا ہوتا ہے۔ کیا آپ سچ بول رہے ہیں؟

یہی وجہ ہے کہ آپ سے سماعت میں سوالات کیے جاتے ہیں۔ آپ کے جوابات ممبر کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیتے

| |
|---|
| ہیں کہ آپ کے بیسس آف کلیم فارم اور دیگر دستاویزات میں دی گئی معلومات درست ہیں یا نہیں۔ |
| **مقرر:** ایک اور قانونی مسئلہ ریاستی تحفظ کا ہے۔<br><br>کیا آپ کے ملک میں پولیس یا دیگر حکومتی ادارے آپ کو نقصان سے بچا سکتے ہیں؟<br><br>کیا آپ نے اپنے ملک میں مدد طلب کی تھی؟<br><br>یہ سوالات اہم ہیں کیونکہ کینیڈا صرف اسی صورت میں آپ کو تحفظ فراہم کر سکتا ہے جب آپ یہ ثابت کریں کہ آپ اپنے ملک میں تحفظ حاصل نہیں کر سکتے۔ |
| **مقرر:** ایک اور قانونی مسئلہ Internal Flight Alternative کہلاتا ہے۔ یعنی، کیا آپ کے ملک میں کوئی اور ایسی جگہ ہے جہاں آپ محفوظ رہ سکتے ہیں؟<br><br>اور کیا آپ کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن اور معقول ہے کہ آپ کینیڈا میں رہنے کے بجائے اپنے ملک کے کسی دوسرے حصے میں رہیں؟ |
| **مقرر:** اب دیکھتے ہیں کہ سوال و جواب کا عمل کیسے ہوتا ہے۔ سماعت کے دوران آپ سے آپ کے دعوے سے متعلق سوالات کیے جاتے ہیں۔ آپ کے جوابات کو گواہی (Testimony) کہا جاتا ہے۔<br><br>سوالات کا مقصد یہ ہے کہ ممبر کو آپ کے کیس کے بارے میں مزید معلومات مل سکیں تاکہ وہ درست فیصلہ کر سکے۔<br><br>اگر آپ مترجم استعمال کر رہے ہینتو مختصر جملوں میں بات کریں۔ تاکہ ترجمہ درست ہو۔<br><br>اگر آپ کوئی سوال نہ سمجھ سکیں تو ممبر کو فوراً بتائیں کہ آپ سوال نہیں سمجھ پائے۔ |
| **مقرر:** اگر امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا یا کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی آپ کی سماعت میں شامل ہیں،تو وہ عموماً سب سے پہلے سوالات کریں گے۔<br><br>اس کے بعد ممبر آپ سے سوالات کرے گا۔ پھر آپ کا وکیل (Counsel) بھی سوالات کر سکتا ہے۔<br><br>اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے، تو ممبر آپ کو موقع دے گا کہ آپ وہ سب کچھ بیان کریں جو آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے کیس کی حمایت کرتا ہے۔<br><br>اس کے بعد ممبر آپ سے کچھ مزید وضاحتی سوالات بھی پوچھ سکتا ہے۔ |
| **مقرر:** اگر آپ اپنی سماعت میں کوئی گواہ لاتے ہیں، تو ممبر عام طور پر ان سے آپ کی گواہی مکمل ہونے کے بعد بیان دینے کو کہے گا۔ |

بالمشافہ سماعت کے دوران، گواہ اپنے بیان کی باری آنے تک انتظار گاہ میں رہتے ہیں۔

ورچوئل سماعت کے لیے، گواہوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ مخصوص وقت پر سماعت سے آن لائن جڑ جائیں۔

**مقرر:** جب سوال و جواب کا عمل مکمل ہو جاتا ہے، تو ممبر آپ یا آپ کے وکیل سے درخواست کرتا ہے کہ آپ وضاحت کریں کہ آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ آپ کا پناہ کا دعویٰ منظور کیا جانا چاہیے۔

اسے زبانی دلائل کہا جاتا ہے۔

دلائل دراصل ان شواہد کا خلاصہ ہوتے ہیں جو پیش کیے گئے ہیں، اور یہ وضاحت کرتے ہیں کہ ملک سے متعلق معلومات اور قانون آپ کی مخصوص صورتحال پر کیسے لاگو ہوتے ہیں۔

ممبر آپ یا آپ کے وکیل سے کہہ سکتا ہے کہ وہ یہ دلائل سماعت کے اختتام پر پیش کریں۔

اگر امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا یا کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی آپ کی سماعت میں شامل ہیں، تو ممبر انہیں بھی آپ کے کیس پر اپنے دلائل پیش کرنے کا موقع دے گا۔

**مقرر:** آپ کے پناہ کے دعوے پر فیصلہ RPD کا ممبر کرے گا۔

ممبر آپ کو سماعت کے اختتام پر فیصلہ اور اس کے اسباب زبانی طور پر بتا سکتا ہے۔ یاپھر اسے آپ کے شواہد اور گواہی پر مزید غور کرنے کے لیے وقت درکار ہو سکتا ہے۔
اگر فیصلہ فوراً بتانا ممکن نہ ہو، تو یہ آپ کو بعد میں تحریری طور پر فراہم کیا جائے گا۔

دونوں صورتوں میں، آپ کو ایک نوٹس آف ڈسیژن موصول ہوگا، جس میں بتایا جائے گا کہ آپ کا دعویٰ منظور ہوا ہے یا مسترد۔

**مقرر:** اگر آپ کو پناہ کے دعوے پر منفی فیصلہ موصول ہوتا ہے اور آپ اس سے اتفاق نہیں کرتے، تو آپ ریفیوجی اپیل ڈویژن RAD میں نوٹس آف اپیل دائر کر سکتے ہیں۔یہ اپیل آپ کو فیصلہ موصول ہونے کے 15 دنوں کے اندر جمع کرانی ہوگی۔

مزید معلومات کے لیے IRB کی ویب سائٹ کے Refugee Appeals سیکشن میں جائیں اور Filing a Refugee Appeal صفحہ دیکھیں۔

اگر آپ RAD میں اپیل دائر کرنا چاہتے ہیں، تو بہتر ہے کہ آپ جتنی جلدی ممکن ہو قانونی مشورہ حاصل کریں۔

**مقرر:** اگر آپ RAD میں اپیل کے اہل نہیں ہیں، تو آپ فیڈرل کورٹ آف کینیڈا میں درخواست برائے سماعت کی اجازت اور عدالتی جائزہ جمع کرا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک جج آپ کے دعوے پر RPD کے فیصلے کا جائزہ لے گا۔

| |
|---|
| عدالتی جائزے کے لیے درخواست دینے کی کڑی آخری تاریخیں ہوتی ہیں، لہٰذا اگر آپ درخواست دینا چاہتے ہیں تو فوری طور پر قانونی مشورہ حاصل کریں۔ |
| **مقرر:** آپ کے Notice of Decision میں آپ کے اپیل کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔ |
| **مقرر:** یقینی بنائیں کہ آپ کا رابطہ معلومات IRB کے ساتھ ہر وقت تازہ ترین ہو، حتیٰ کہ سماعت مکمل ہونے کے بعد بھی۔ |
| **مقرر:** پناہ کے دعوے کے عمل سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے IRB کی ویب سائٹ پر جائیں یا عمومی معلومات کے لیے ہمارے مفت ہیلپ لائن نمبر 1-833-931-5121 پر کال کریں۔ |
| **مقرر:** آپ اسکرین پر موجود QR کوڈ کو اسکین کر کے *ہم سے رابطہ کریں* صفحے پر جا سکتے ہیں، جہاں آپ کو دستاویزات جمع کرانے اور سوالات کی صورت میں ہم سے رابطہ کرنے کی تفصیلات ملیں گی۔ |